سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# مزدوروں کے 3 حقوق

18 ستمبر 2025



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں **مزدوروں کے 3 حقوق** کے عنوان پر مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **سخت خطرے کے وقت کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم:** جس نے مجھ پر 100 مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے، یہ نِفاق اور جہنّم کی آگ سے آزاد ہے اور اُسے روزِ قیامت شہیدوں کے ساتھ رکھے گا۔ [1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## مزدوروں کے 3 حقوق

### آیتِ مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (پارہ: 5، النسآء: 29) | **تَرجَمۂ کنزُ العِرفان:** اے ایمان والو! باطل طریقے سے آپس میں ایک دوسرے کے مال نہ کھاؤ! |

اس آیتِ کریمہ میں کسی کا مال ناحق دبانے (مثلاً مَزدُور کی مزدُوری ناحق رَوک لینے، دَھونس جما کر (ڈرا دھمکا کر) کام زیادہ اور اُجرت کم دینے وغیرہ) سے منع کیا گیا ہے۔ [2]

---

1 ... معجم اوسط، جلد: 5، صفحہ: 252، حدیث: 7235۔
2 ... تفسیر روح المعانی، پارہ: 5، سورۃ النساء، تحت آیت: 29، جلد: 3، صفحہ: 22۔

## فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

بیشک تمہارے کچھ (مسلمان) بھائی تمہارے خادِم ہیں، اللہ پاک نے انہیں تمہارے تحت کیا ہے، پس جس کا مسلمان بھائی اُس کے تحت ہو، اسے چاہئے کہ ❁ جو خُود کھائے، وہی اسے کھلائے ❁ جو خُود پہنے، وہی اسے پہنائے ❁ ان پر طاقت سے زیادہ بوجھ مت ڈالو...!! ❁ اگر ایسا کام کروانا ہی پڑے تو ان کا ہاتھ بٹاؤ...!!(1)

## مزدوروں کے 3 حقوق

محنت فَروش (یعنی اُجرت لے کر کام کرنے والے) کو **مَزْدُور** کہتے ہیں ❁ مِسْتَرِی ❁ الیکٹریشن ❁ پلمبر ❁ فیکٹریوں میں کام کرنے والے ❁ بَوجھ اُٹھانے والے وغیرہ سب مَزْدُور کے زُمرے میں آتے ہیں۔ اَلحمدُ للہ! دِینِ اسلام مَزْدُوروں کے لئے بھی دِینِ رحمت ہے، اِسْلام میں ان کے بھی باقاعدہ حقوق مُقرَّر ہیں، آیئے! مَزْدُوروں کے تین حقوق سیکھتے ہیں:

### پہلا حق: اُجرت پہلے طے کرنا

**وضاحت:** مثلاً الیکٹریشن سے کچھ کام کروانا ہے، اس سے اُجرت پہلے ہی طے کر لیجئے! یونہی رِکشہ، گاڑی وغیرہ پر سَفَر کرنا ہے، ان سے بھی اُجرت پیشگی طے کیجئے! یہ کہہ دینا کہ **جو مُناسب ہو لے لینا** یا کچھ بھی طے ہی نہ کرنا یہ درست نہیں ہے، عموماً جھگڑے کا سبب بھی بن جاتا ہے۔ پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جب اَجِیر کو اُجرت پر رکھو تو اُسے اُجرت پہلے ہی بتا دو۔(2)

### دوسرا حق: بَروقت مزدوری ادا کرنا

**وضاحت:** اس میں دو حق ہیں: (1): مَزْدُور کی اُجرت پُوری پُوری ادا کرنا (2): بَروقت ادا کرنا۔ بعض

---

1 ... بخاری، کتاب العتق، باب قول النبی العبید اخوانکم، صفحہ: 655، حدیث: 2545۔

2 ... مسند امام اعظم بروایت ابو نعیم، مراسیل ابراہیم، صفحہ: 89۔

نادان ❁ دَھونس جما کر (ڈرا دھما کر) ❁ سختی کر کے ❁ پریشان کر کے اس کی اجرت دبا لیتے ہیں، یہ سخت گُناہ، حرام اور جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔[1] بالفرض آپ کے پاس رقم نہیں ہے یا کم ہے اور کام کروانا بھی ضروری ہے تو پہلے طے کر لیجئے! کہ ابھی رَقم نہیں ہے، فُلاں وقت دے دُوں گا۔ پہلے کام کروانا، پھر ساری یا آدھی رقم اُدھار پر ڈال دینا بھی درست نہیں۔ حدیث شریف میں ہے: مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ سُوکھنے سے پہلے ادا کرو...![2] (یعنی: مزدوری دینے میں ٹال مٹول مت کرو...! جس وقت دینا طے کیا تھا بغیر کسی تاخیر کے اسی وقت دے دو...!)[3]

## تیسرا حق : مَزْدُور سے حسن سلوک کرنا

**وضاحت:** ❁ ان سے مسکرا کر بات کرنا ❁ عزّت سے پیش آنا ❁ اَبے تَبے وغیرہ غیر مُہَذَّب الفاظ سے بچنا ❁ موقع کی مُنَاسبت سے چائے، کھانا، پانی وغیرہ پیش کر دینا ❁ کام اچھا کرے یا بیچارہ غریب ہو تو طے شُدہ اُجرت سے کچھ زیادہ دے دینا ❁ کچھ خطا ہو جائے، کام بگڑ جائے تو مُعَاف کر دینا وغیرہ مَزْدُوروں کے ساتھ حُسْنِ سُلُوک کی مثالیں ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ جب بھی کسی سے اُجرت پر کام کروائیں تو اِن باتوں کا خیال رکھیں، بالخصوص مَزْدُوروں کی عزّتِ نفس کا لحاظ رکھنا بہت ہی ضروری ہے۔ کوئی ایسا لفظ یا رَوِیّہ مت اپنائیے کہ مَزْدُور کو ذِلّت محسوس ہو، نہ اسے کم تَر سمجھئے کہ خُود کو اچھا اور دوسروں کو کم تَر سمجھنا تکبُّر ہے اور تکبُّر حرام و جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔[4]

## دوہرائی

آج ہم نے مزدوروں کے 3 حقوق سیکھے، ذہن میں بٹھا لیجئے! (1): اُجرت پہلے طے کرنا (1): بروقت مزدوری ادا کرنا (1): مزدور سے حسن سلوک کرنا۔

---

1 ... فتاوی رضویہ، جلد:19، صفحہ:455 ماخوذاً۔
2 ... سنن ابن ماجہ، کتاب الرھون، باب اجر الاجراء، صفحہ:392، حدیث:2443۔
3 ... مرآۃ المناجیح، جلد:4، صفحہ:338۔
4 ... فتاوی رضویہ، جلد:23، صفحہ:614۔

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

## سخت خطرے کے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

**ترجمہ:** الٰہی! ہماری پردہ داری فرما اور ہماری گھبراہٹ کو بے خوفی واطمینان سے بدل دے۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان واقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک

---

1 ... مسند احمد، مسند ابی سعید الخذری، جلد:5، صفحہ:6، حدیث:11288، مدنی پنج سورۃ، صفحہ:221۔

دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں ؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے ؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی ؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے ؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی ؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی ؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہ پڑھی ؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسۡرَاف سے بچے ؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی ؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے ؟ (53):فضول باتوں سے بچے ؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے ؟(55):عمامہ شریف باندھا؟ (56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی ؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟